اے اللہ! میرے گناہ، میری نادانی، میرے تمام کاموں میں میرے حد سے تجاوز کرنے کو اور ہر اس بات کو، جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، معاف فرما۔ اے اللہ! میرے گناہوں، مجھ سے سنجیدگی کے ساتھ ہونے والے کاموں، انجانے میں ہونے والے کاموں اور مذاق میں ہونے والے کاموں کو معاف فرما۔ ان میں سے ہر طرح کے کام مجھ سے ہوئے ہیں۔ اے اللہ! میرے اگلے اور پچھلے گناہ، رازداری کے ساتھ اور علانیہ ہونے والے گناہ معاف کر دے تو ہی آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے اور تو ہی ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے"۔

ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم یہ دعا کیا کرتے تھے : "اے اللہ! میرے گناہ، میری نادانی، میرے تمام کاموں میں میرے حد سے تجاوز کرنے کو اور ہر اس بات کو، جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، معاف فرما۔ اے اللہ! میرے گناہوں، مجھ سے سنجیدگی کے ساتھ ہونے والے کاموں، انجانے میں ہونے والے کاموں اور مذاق میں ہونے والے کاموں کو معاف فرما۔ ان میں سے ہر طرح کے کام مجھ سے ہوئے ہیں۔ اے اللہ! میرے اگلے اور پچھلے گناہ، رازداری کے ساتھ اور علانیہ ہونے والے گناہ معاف کر دے تو ہی آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے اور تو ہی ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے"۔
[صحیح] [متفق علیہ]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی ایک جامع ترین دعا یہ ہے : "رب اغفر لي خطيئتي" اے اللہ! میرے گناہوں کی مغفرت فرما۔ "وجهلي" انجانے میں ہونے والی کوتاہیاں کی بھی مغفرت فرما۔ "وإسرافي في أمري كله" اپنے تمام کاموں میں رے جانے والی کوتاہیاں اور حد سے گزرنے کی کیفیتوں کی بھی مغفرت فرما۔ "وما أنت أعلم به مني" ان گناہوں کی بھی مغفرت فرما، جن کو تو جانتا ہے اور میں بھول چکا ہوں۔ "اللهم اغفر لي خطاياي وعمدي" ان گناہوں کی بھی مغفرت فرما، جن کو میں نے جان بوجھ کر کیا ہے وہ گناہ بھی، جن کو میں نے سنجیدگی کے ساتھ اور مذاق مذاق میں کیا ہے۔ "وكل ذلك عندي" مجھے پتہ ہے کہ اس طرح کے سارے گناہ میں نے کیے ہیں۔ "اللهم اغفر لي ما قدمت" اے اللہ! میرے پچھلے گناہوں کی مغفرت کرد۔ "وما أخرت" آنے والے وقت میں ہونے والے گناہوں کی بھی مغفرت معاف کر د۔ "وما أسررت" جن گناہوں کو رازداری کے ساتھ کیے ہیں، ان کی بھی مغفرت کرد۔ "وما أعلنت" جو گناہ علانیہ کیے ہیں، ان کی مغفرت کرد۔ تو اپنی جس مخلوق کو چاہتا ہے، اپنی پسندیدہ چیزوں کی توفیق دے کر اپنی رحمت کی جانب آگے بڑھا دیتا ہے اور جس مخلوق کو چاہتا ہے، اکیلا چھوڑ کر اس سے پیچھے رکھ دیتا ہے جسے تو پیچھے کر دے، اسے کوئی آگے بڑھا نہیں سکتا اور جسے تو آگے بڑھا دے، اسے کوئی پیچھے کر نہیں سکتا۔ "وأنت على كل شيء قدير" تو کامل قدرت والا، مکمل ارادے والا اور جو چاہے کرنے والا ہے